محترم اساتذہ کرام!

اسلام وعلیکم،

ہم سب جانتے ہیں کہ ہر درخت کی کہانی ایک بیج سے شروع ہوتی ہے جو بالعموم ایک چھوٹا سادانہ ہوتا ہے جسے زمین میں دفن کیا جاتا ہے۔ پھر مٹی پانی اور روشنی مل کر سب اس کا ساتھ دیتے ہیں۔پھر باریک باریک ٹہنیاں،نرم نرم پتے،نازک نازک پھول اس بیج کا انداز بدل دیتے ہیں۔پھر وقت کا دھارا بہتا جاتا ہے تو یہی نازک ساپودا ایک تنا اور درخت کی شکل اختیار کر جاتا ہے۔جو اپنے پھل پھول اور چھاؤں کی صورت میں انسانیت کو سکون پہنچاتا ہے،یوں بیج اور ماحول کی ملی جلی کاوشیں اپنے اثرات چھوڑ جاتی ہیں،کوئی بھی کام جب نیا شروع کیا جاتا ہے تو اس کا معاملہ بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔وہ ابتدا میں بیج ہی کی مانند کمزور ہوتا ہے،لیکن پھر محنت طاقت اور جدوجہد اسے مضبوط کرتی ہے،اور وہ آخر کار زمانے پر اپنے اثرات مرتب کرتا ہے،ایسا ہی معاملہ دین کے لیے کی جانے والی کوششوں کا ہوتا ہے،انہیں بھی مٹی پانی روشنی اور ہوا کی ضرورت ہوتی ہے،انہیں بھی محنت کرنے والے ہاتھوں اور مسلسل جدوجہد کی ضرورت ہوتی ہے،ورنہ بیج چاہے جتنے بھی بوئے جائیں زمیں کے اندر ہی دفن ہو جاتے ہیں۔۔

محترم اساتذہ ہم سب نے بھی اس بات کا ارادہ کیا ہے کہ مضبوط عزم،مسلسل محنت اور منظم انداز میں دین کا علم یورپ میں پلنے والی اپنی اگلی نسل کو حتی الوسع منتقل کریں گے۔انشاءاللہ اس حوالے سے ہم اپنے نور سکول کے نظام کی بہتری کے لیے چند گزارشات لکھ رہے ہیں جن پر عمل درامد انشاءاللہ آپ کی ذمہ داری ہے۔امید ہے اللہ کے راستے میں یہ جدوجہد (جو خالص اسی کی رضا حاصل کرنے کے لیے ہے) کرتے ہوئے آپ ان نکات کا خیال رکھیں گے۔۔

(ا)سکول کے معمولات کے لیے اپنی علیحدہ فائل بنا لیجئے جہاں متعلقہ سرکلرز اور سکول کے متعلق کاغذات آپ جمع کر سکیں۔

(2)وقت کی پابندی اختیار کریں۔

(3)وقفے کے دوران لڑکوں کے کمرے میں پچھلے پریڈ کے استاد صاحب اور اگلے شروع ہونے والے پریڈ کے استاد صاحب دونوں موجود رہیں،تاکہ لڑکوں کی کاروایوں پر نظر رکھی جا سکے،بہتر ہے کے لڑکوں کو پندرہ منٹ کا وقفہ کمرے میں ہی گزارنے کا کہا جائے،اور وقتاً فوقتاً انہیں برآمدے میں اور سیڑیوں میں کھڑا ہونے سے منع کیا جائے،

چونکہ لڑکوں کو کنڑول میں رکھنا مشکل ہوتا ہے اس لیے تمام مرد اساتذہ کرام لڑکوں کے حوالے سے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔

(4)اگر کسی عذر کی وجہ سے آپ کسی دن نہیں پڑھا سکتے یا آپ کو چھٹی کے وقت سے پہلے سکول سے جانے کا ارادہ ہے تو کوشش کریں کہ اس بات کی اطلاع آپ مجھے کم از کم ایک دن پہلے ضرور دے دیں،آپ متبادل فراہم کرنے کی کوشش بھی کریں،اور ناگزیر حالات میں خاص طور پر لڑکوں کے شعبے کو ہم آپ کی بروقت اطلاع ملنے پر چھٹی دے سکیں۔

(5)چونکہ نور سکول کا تعلق حلقہ نور الایمان کی تحریک سے ہے اس لیے ہم اسے ایک تحریکی سکول بھی سمجھ سکتے ہیں جو ابھی اپنے ابتدائی نظام کی شکل میں آپ کے سامنے موجود ہے۔تحریک سے کسی بھی انداز میں وابستہ آپ حضرات سے گزارش ہے کے تحریک کے نصب العین کو

ہمیشہ مدنظر رکھیں جو یہ ہے۔

اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے بتائے ہوئے اصولوں کے مطابق انسانی زندگی کی تعمیر کے ذریعے رضائے الہیٰ کا حصول

اس سلسلے میں اس بات کا امکان موجود ہے کے ہمیشہ یا بعض اوقات اساتذہ پر ان کی توقع سے زیادہ ذمہ داری یا بوجھ آ سکتا ہے جسے وہ صرف خالص اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے اور اجر کی توقع رکھتے ہوئے خندہ پیشانی سے قبول کر سکتے ہیں۔۔

آپ سکول کے حوالے سے تحریراً اپنے مشورے مجھے ضرور ارسال کریں تا کہ ہم سب مل کر اس کی فلاح و بہبود کے لیے کام کر سکیں۔

﴿جزاک اللہ﴾

نائب نگران نور سکول

Rom